## بگ ڈیٹا کا تجزیہ | اعلیٰ تعلیم

### پاکستان میں 40,000 افراد نے پی ایچ ڈی مکمل کر لی ہے۔ اب اگلا سوال یہ ہے: کیا ہم درست شعبوں میں پی ایچ ڈی کر رہے ہیں۔

گزشتہ بیس سالوں کے دوران پاکستان میں پی ایچ ڈی کی تعلیم میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ 2000ء کی دہائی کی ابتدا میں سالانہ پی ایچ ڈی کرنے والوں کی تعداد کافی کم تھی، لیکن 2018 کے بعد اس میں تیزی سے اضافہ ہوا اور یہ تعداد سالانہ 3,000 سے تجاوز کر گئی۔ حالیہ سالوں میں یہ تعداد 3,400 سالانہ کی اعلیٰ ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔

مرد
پی ایچ ڈی
**64.8%**

خواتین
پی ایچ ڈی
**35.2%**



*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International

# پریس ریلیز

## بگ ڈیٹا کا تجزیہ

## اعلیٰ تعلیم

### پاکستان میں 40,000 افراد نے پی ایچ ڈی (PhDs) مکمل کرلی ہے۔اب اگلا سوال یہ ہے: کیا ہم درست شعبوں میں پی ایچ ڈی کررہے ہیں؟

(اسلام آباد)، 06 اگست 2026

گیلپ پاکستان ڈیجیٹل انالیٹکس کے پی ایچ ڈی کنٹری ڈائریکٹری (PhD Country Directory) کے مطابق، پاکستان کی یونیورسٹیوں سے اب تک 40,034 افراد پی ایچ ڈی کر چکے ہیں۔

گزشتہ بیس سالوں کے دوران پاکستان میں پی ایچ ڈی کی تعلیم میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔2000ء کی دہائی کی ابتدا میں سالانہ پی ایچ ڈی کرنے والوں کی تعداد کافی کم تھی، لیکن 2018 کے بعد اس میں تیزی سے اضافہ ہوا اور یہ تعداد سالانہ 3,000 سے تجاوز کر گئی۔ حالیہ سالوں میں یہ تعداد 3,400 سالانہ کی اعلیٰ ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔

پاکستان کے پی ایچ ڈی گریجویٹس کے اعداد و شمار سے کچھ اہم رجحانات بھی سامنے آتے ہیں۔

پی ایچ ڈی گریجویٹس میں تقریباً دو تہائی، یعنی 64.8% مرد حضرات ہیں، جبکہ 35.2% خواتین ہیں۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اعلیٰ تعلیم کی بلند سطح پر خواتین اور مرد حضرات کے درمیان فرق اب بھی نمایاں ہے۔

تعلیمی شعبوں کے لحاظ سے، قدرتی علوم (Natural Sciences)، ریاضی (Mathematics) اور شماریات (Statistics) کا شعبہ سب سے آگے ہے، جس میں 14,443 پی ایچ ڈی ڈگری ہولڈرز ہیں—جو ملک کے کل پی ایچ ڈی گریجویٹس کے ایک تہائی سے بھی زیادہ ہیں۔اس کے بعد فنون اور علوم انسانی (Arts & Humanities) کا شعبہ ہے، جس میں 7,396 افراد نے پی ایچ ڈی کی ہے، جبکہ سماجی علوم، صحافت اور اطلاعات (Social Sciences, Journalism & Information) کے شعبوں میں 3,758 افراد نے پی ایچ ڈی مکمل کی ہے۔

پی ایچ ڈی تعلیم میں یہ اضافہ پاکستان کی تحقیقی اور اعلیٰ تعلیمی صلاحیت میں بڑی پیش رفت کو ظاہر کرتا ہے۔تاہم، اب پالیسی کا اگلا چیلنج صرف پی ایچ ڈی افراد کی تعداد بڑھانا نہیں ہے۔

زیادہ اہم سوال یہ ہیں کہ کیا پی ایچ ڈی گریجویٹس کو ایسے شعبوں میں تعلیم دی جارہی ہے جو مستقبل میں ملک کی ضروریات پوری کر سکیں؟ کیا مرد حضرات اور خواتین کے درمیان اس فرق کو مزید کم کیا جاسکتا ہے؟ کیا ہماری یونیورسٹیاں، صنعتیں (انڈسٹری) اور تحقیقی ادارے ان اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد کے لیے اتنے مواقع پیدا کررہے ہیں کہ وہ تحقیق، نئی ایجادات اور تدریس میں اپنا کردار ادا کر سکیں؟

پی ایچ ڈی افراد کی بڑھتی ہوئی تعداد ایک اہم کامیابی ہے۔لیکن اگلا قدم یہ یقینی بنانا ہے کہ اس سے ملک کی سائنسی اور معاشی صلاحیت میں واقعی بہتری آئے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

یہ تجزیہ گیلپ پاکستان ڈیجیٹل اینالیٹکس نے پاکستان پی ایچ ڈی کنٹری ڈائریکٹری ڈیش بورڈ ( Pakistan PhD country Directory Dashboard ) کے اعداد و شمار کی بنیاد پر کیا ہے۔ اس ڈیش بورڈ میں پاکستان کی یونیورسٹیوں سے پی ایچ ڈی مکمل کرنے والے افراد کی معلومات سال، جنس (مرد حضرات/خواتین) اور تعلیمی شعبے کے لحاظ سے جمع کی گئی ہیں۔ اس تجزیے میں پاکستان میں پی ایچ ڈی تعلیم کے طویل مدتی رجحانات (long-term trends) اور مختلف شعبوں میں پی ایچ ڈی گریجویٹس کی تقسیم کا جائزہ لیا گیا ہے۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 06 August 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)